سوال

(290) کیاحج یا عمرہ میں طواف سے قبل سعی کرنی جائز ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیاحج یا عمرہ میں طواف سے قبل سعی کرنی جائز ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

سنت یہی ہے کہ پہلے طواف اور پھر سعی کرے، اگر کسی نے نادانستہ طواف سے قبل سعی کرلی تو کوئی حرج نہیں۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے کہ ایک شخص نے اپ سے پوچھا اور کہا کہ میں نے طواف سے قبل سعی کرلی ہے تو آپ نے فرمایا کہ کوئی حرج نہیں۔ یہ حدیث اس امر کی دلیل ہے کہ اگر کوئی شخص سعی پہلے کرلے تو صحیح ہے لیکن سنت یہی ہے کہ حج اور عمرہ دونوں میں پہلے طواف کرے اور پھر سعی۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ البانیہ

حج بیت اللہ اور عمرہ کے متعلق چند اہم فتاوی صفحہ: 344

محدث فتویٰ